ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (805)

20-12-2022

**بہاولپور() ڈسٹرکٹ پولیس لائن بہاولپور میں منشیات کے عادی افراد کے لیے بحالی مرکز کا قیام، صحت مند معاشرے کے قیام کے لئے جہاں منشیات کی خرید وفرخت میں ملوث افراد کے خلاف قانونی کاروائی کی جارہی ہے وہیں منشیات کے عادی افراد کو اس لعنت سے چھٹکارا دلانا انتہائی ضروری ہے، منشیات سے پاک معاشرے کا قیام ہمارا عزم ہے اور یہ ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے، ڈی پی او عبادت نثار**

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس لائن بہاولپور میں نشے کے عادی افراد کے لئے ڈرگز ری ہیبی لی ٹیشن سنٹر کے نام سے بحالی مرکز کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جو مستند ڈاکٹرز کی زیرنگرانی دن رات مصروف عمل ہے۔قیام سے لے کر اب تک بحالی مرکز میں مجموعی طور پر 70 سے زائد مریضوں کو داخل کیا گیا جن میں سے 50 سے زائد مریض صحت یاب ہوکر اپنے گھروں کو جا چکے ہیں۔اس وقت 20 مریض زیر علاج ہیں جو بتدریج صحت یاب ہورہے ہیں۔ نشے کے عادی افراد مناسب دیکھ بھال اور ذہنی تربیت کی بدولت نشے جیسی لعنت سے چھٹکارا پا کر معاشرے کے ذمہ دار شہری بن جائینگے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار نے اپنے پیغام میں کہا کہ بحالی مرکز میں علاج کیلیے داخل ہونے والے نشے کے عادی افراد کو سہولیات کی فراہمی میں کوئی کمی نہیں آئے گی بلکہ ان افراد کی باقاعدہ اور صحیح طرح سے خیال رکھا جارہا ہے تاکہ وہ جلد نشے کی لعنت سے پاک ہوکر دوبارہ معاشرے کے لئے ذمہ دار شہری بن سکیں۔اس بحالی مرکز میں مستحق افراد کے لئے تمام سہولیات بلا قیمت میسر ہوں گی۔ڈی پی او نے مزید کہا کہ منشیات کی روک تھام کیلیے بہاولپور پولیس تمام تر اقدامات اٹھا رہی ہے لیکن پولیس کے ساتھ ساتھ یہ ہر شہری کا فرض بنتا ہے کہ وہ اس اہم فریضے میں اپنا کردار ادا کرے کیونکہ منشیات اور دوسرے نشہ آور چیزوں کو معاشرے میں جڑ سے اکھاڑنے کیلیے ضروری ہے کہ عوام بھی منشیات کی روک تھام کے حوالے سے آگاہی مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔منشیات کی لعنت میں مبتلا افراد کو اس لعنت سے باہر نکلنے اور انہیں معاشرتی دھارے میں واپس لانا ہم سب کی سماجی ذمہ داری بنتی ہے۔ان لوگوں کا باقاعدہ علاج جاری ہے۔صحت مند معاشرے کے قیام کے لئے بھاولپور پولیس اپنا بھرپور کردار ادا کررہی ہے جس میں پولیس کا ہر سینئیر و جونئیر آفیسر دن رات مصروف عمل ہے۔

ترجمان بھاولپور پولیس



**بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس لائن بہاولپور میں منشیات کے عادی افراد کے لیے بحالی مرکز کا قیام**

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (806)

20-12-2022

**بہاولپور() پولیس کی جانب سے سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے مشکوک اشخاص وگاڑیوں کی چیکنگ کا سلسلہ جاری، گذشتہ 15 روز میں ہزاروں مشکوک لوگوں کو چیک کیا جس کے تناظر میں مجرمان اشتہاری کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 30 مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کو گرفتار کرلیا گیا۔جبکہ مشکوک گاڑیوں کو چیکنگ کے دوران پولیس کو مطلوب 40 گاڑیاں اور موٹر سائیکل کا سراغ لگایا گیا جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کی جارہی ہے۔جرائم سے پاک معاشرہ ہمارا عزم ہے، ڈی پی او عبادت نثار**

تفصیل کے مطابق ڈی پی او بہاولپور عبادت نثار کی ہدایت پر جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کا سلسلہ جاری ہے۔ماہ دسمبر کے پہلے 15 روز میں بہاولپور پولیس نے سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے چیکنگ کا سلسلہ کا جاری رکھا ہوا ہے، جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے مشکوک افراد، مشکوک گاڑیوں کی چیک جاری ہے، دوران چیکنگ مجرمان اشتہاری کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 30 مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفرروان جو دیگر صوبہ جات کو مطلوب تھے کو گرفتار کرلیا۔جبکہ مشکوک گاڑیوں کو چیکنگ کے دوران 40 مطلوب گاڑیاں اور موٹر سائیکل کا سراغ لگایا گیا۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار نے پولیس افسران کو ہدایات جاری کیں کہ روزانہ کی بنیاد پر ایسی کارروائیوں کو مزید تیز کیا جائے تمام ایس ایچ اور کو اپنی کارکردگی کو بہتر سے بہتر بنانے پر زور دیا۔کرائم کی شرح پر ہرصورت قابو پانے اور ملزمان کو ٹریس کرنے اوران کو کیفر کردار تک پہنچانے کی ہدایت کی ۔تاکہ علاقہ میں امن وامان کی فضا برقرار رہے۔پرانے مجرمان اشتہاریوں کی گرفتاری کے لیے تھانہ کی سطح پر ٹیمیں تشکیل دے کران مجرمان کی گرفتاری کو یقینی بنایا جائے۔علاقے کومنشیات سے پاک کرنے میں اپنا کردارادا کریں اور منشیات فروشوں کی گرفتاری کو یقینی بنائے تاکہ نوجوان نسل محفوظ ہاتھوں میں پروان چڑھے۔جبکہ تفتیشی اسٹاف کو ملزمان کو بہترین تفتیشی طریقہ کار کے ساتھ سائنسی وتکنیکی مہارت کو بروئے کار لاتے ہوئے ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچانے کی ہدایت کی۔ضلعی پولیس سربراہ نے تھانہ جات میں آنے والے سائلین کو خوش اخلاقی سے پیش آنے سمیت ہر ممکن قانونی معاونت فراہم کرنے اور لوگوں کے مسائل کے حل کرنے پر زور دیا۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور: پولیس کی گزشتہ 02 روز میں منشیات فروشوں اور اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف مختلف کارروائیاں، خاتون منشیات فروش سمیت 26 ملزمان گرفتار، منشیات اور ناجائز اسلحہ برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس /شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (807)

20-12-2022

**بہاول پور() ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس جنوبی پنجاب کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی زیر نگرانی منشیات فروشوں کے خلاف کمپئین میں بہاولپور پولیس کی گزشتہ 02 روز میں منشیات فروشوں اور اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف مختلف کارروائیاں، خاتون منشیات فروش سمیت 26 ملزمان گرفتار، قبضہ سے 01 کلو سے زائد چرس و130 لیٹر دیسی شراب اور 08 عدد پسٹل 30 بور اور 01 رائفل 44 بور برآمد، مقدمات درج، دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے ایسی مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں، تاکہ معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جاسکے۔ڈی پی او عبادت نثار۔**

تفصیلات کے مطابق یڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس جنوبی پنجاب ڈاکٹر احسان صادق کی کمپئین پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی سر براہی میں اور تمام ایس ڈی پی اوز کی زیر نگرانی تمام ایس ایچ اوز نے ضلع بہاولپور میں منشیات اور شراب فروشوں کے خلاف گرینڈ کریک ڈان جاری۔ بہاول پور پولیس جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔تھانہ سول لائنز پولیس نے منشیات فروش کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزمہ جمیلہ بی بی کو گرفتار کر کے قبضہ سے 01 کلو 200 گرام چرس برآمد کرلی۔تھانہ قائمپور، ڈیرہ نواب صاحب کینٹ پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان ذیشان، مالک اور پرویز کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 130 لیٹر دیسی شراب برآمد کرلی۔تھانہ صدر احمد پور شرقیہ، اوچ شریف، نوشہرہ جدید، سٹی یزمان، سول لائنز اور عباسنگر پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے ملزمان غلام محمد، راشد، واجد، عمران، شعیب، اکرم اور آصف کو گرفتار کر کے قبضہ سے 08 عدد پسٹل 30 بور اور 01 عدد رائفل 44 بور برآمد کرلیا۔جبکہ تھانہ سٹی یزمان اور اوچ شریف پولیس نے قمار بازوں کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے 13 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے داؤ پر لگی رقم اور جوائے کا سامان برآمد کرلیا۔متعلقہ پولیس نے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے، ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے مزید بڑی کارروائیاں کریں تاکہ بہاول پور منشیات جیسی لعنت سے پاک کیا جاسکے۔کسی مشکوک سرگرمی کی صورت میں پولیس ہیلپ لائن 15 پر کال کر کے اطلاع دیں اور ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور: پولیس کی گزشتہ 02 روز میں منشیات فروشوں اور اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف مختلف کارروائیاں، خاتون منشیات فروش سمیت 26 ملزمان گرفتار، منشیات اور ناجائز اسلحہ برآمد